آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر
ایڈیٹر: اعجاز احمد خان
نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی
ٹیلیفون نمبر: 062-2508053
موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 19 | بروز جمعۃ المبارک 30 جنوری 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 290

فیلڈ مارشل عاصم منیر کا بہاولپور گیریژن کا دورہ

بہاولپور گیریژن میں مختلف آپریشنل تربیتی اور انتظامی سرگرمیوں پر بریفنگ

چیف آف ڈیفنس فورس نے خیر پور ٹامیوالی میں فیلڈ ایکسرسائز اسٹیڈ فاسٹ ریزولو کا مشاہدہ کیا، جس میں جدید ٹیکنالوجیز جیسے بغیر پائلٹ فضائی نظام (ڈرونز)، جدید نگرانی کے آلات، الیکٹرانک وارفیئر کے وسائل اور جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کا باہمی انضمام شامل تھا

، بہاولپور گیریژن پہنچنے پر چیف آف ڈیفنس فورس کا استقبال کمانڈر بہاولپور کور نے کیا، انہوں نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، اور شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ جنگ کی نوعیت تبدیل ہو چکی ہے، پاکستان کی مسلح افواج تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں، تیزی سے ٹیکنالوجی اپنا رہی ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بہاولپور گیریژن کا دورہ کیا، چیف آف آرمی سٹاف کو بہاولپور گیریژن میں مختلف آپریشنل، تربیتی اور انتظامی سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی،

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف کا ایرانی صدر سے ٹیلیفونک رابطہ علاقائی صورتحال پر گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف نے خطے میں امن، سلامتی اور ترقی کے فروغ کے لیے پائیدار مذاکرات اور سفارتی تبادلہ خیال کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف اور ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں دونوں رہنماں نے بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے خطے میں امن، سلامتی اور

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سال نو کی پہلی انسداد پولیو مہم کا آغاز ضلع بہاولپور میں 2 فروری سے ہوگا

جو 4 فروری 2026 تک جاری رہے گی، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا

بہاول پور (پ ر) سال نو کی پہلی انسداد

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا

تمام کام مقررہ مدت میں مکمل ہونے چاہئیں، ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی دستیابی کے حوالے سے اجلاس

یزمان، خیر پور ٹامیوالی، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس مجموعی طور پر اچھا کام کر رہے ہیں تاہم مزید بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود ہوتی ہے، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی دستیابی اور ان کی خوبصورتی و بہتری کے حوالے سے ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال یزمان، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خیر پور ٹامیوالی، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر عامر بشیر نے ہسپتالوں میں دستیاب سہولیات، انتظامی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور خوبصورتی و بہتری بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کسی ابراہیمی معاہدے کا حصہ نہیں بنے گا

ایران پر طاقت و پابندیوں کے استعمال کیخلاف ہیں: دفتر خارجہ

پاکستان انٹرنیشنل **سٹبلائزیشن** فورس میں شامل نہیں ہوگا، بورڈ آف پیس اور **سٹبلائزیشن** فورس کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے، پاکستان بورڈ آف پیس کا حصہ مشترکہ حکومتی رولز کے مطابق بنا ہے، ترجمان طاہر حسین اندرابی کی وزارت خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ

پاکستان انٹرنیشنل **سٹبلائزیشن** فورس میں شامل نہیں ہوگا، بورڈ آف پیس اور سٹبلائزیشن فورس کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے، پاکستان بورڈ آف پیس کا حصہ مشترکہ حکومتی رولز کے مطابق بنا ہے ترجمان طاہر حسین اندرابی کی وزارت خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ پاکستان کسی بھی ابراہیمی معاہدے کا حصہ نہیں بنے گا، پاکستان کا ابراہیمی معاہدے سے کوئی تعلق نہیں ہے، ایران پر طاقت اور پابندیوں کے استعمال کے خلاف ہیں۔ وزارت خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ میں ترجمان طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل **سٹبلائزیشن** فورس میں شامل نہیں ہوگا، بورڈ آف پیس اور **سٹبلائزیشن** فورس کا آپس میں کوئی تعلق نہیں ہے، پاکستان بورڈ آف پیس کا حصہ مشترکہ حکومتی رولز کے مطابق بنا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے ایران پر جنگ کے بادل منڈلانے کے حوالے سے کہا ہے کہ پاکستان ہمیشہ پرامن طریقے سے مسائل کے حل کی بات کرتا ہے، ہم

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک کثیر المنزلہ تجارتی مرکز میں جامع فائر سیفٹی موک ایکسرسائز کا انعقاد

موک ایکسرسائز کی براہ راست نگرانی ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کی

بہاول پور (پ ر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحق خواتین سے غیر قانونی طور پر رقم کاٹنے والے 10 ڈیوائس ایجنٹس گرفتار

ایف آئی اے ملتان زون جنوبی پنجاب کے مختلف اضلاع بہاولپور، راجن پور اور وہاڑی میں کارروائیاں

ایف آئی اے ذرائع کے مطابق گرفتار ملزمان مستحق خواتین کو دی جانیوالی سرکاری امداد سے فی کس 1000 سے 1500 روپے تک غیر قانونی کٹوتی کر رہے تھے

جن پور (نامہ نگار) ایف آئی اے ملتان زون نے جنوبی پنجاب کے مختلف اضلاع بہاولپور، راجن پور اور وہاڑی میں کارروائیاں کرتے ہوئے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت مستحق خواتین سے غیر قانونی طور پر رقم کاٹنے والے 10 ڈیوائس ایجنٹس کو گرفتار کر لیا ہے ایف آئی اے ذرائع کے مطابق گرفتار ملزمان مستحق خواتین کو دی جانے والی سرکاری امداد سے فی کس 1000 سے 1500 روپے تک غیر قانونی کٹوتی کر رہے تھے۔ ملزمان خواتین کو مکمل رقم دینے کے بجائے زبردستی کمیشن وصول کرتے اور

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی دستیابی کے حوالے سے اجلاس

یزمان، خیر پور ٹامیوالی، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس مجموعی طور پر اچھا کام کر رہے ہیں تاہم مزید بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود ہوتی ہے، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع کے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی دستیابی اور ان کی خوبصورتی و بہتری کے حوالے سے ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال یزمان، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خیر پور ٹامیوالی، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر عامر بشیر نے ہسپتالوں میں دستیاب سہولیات، انتظامی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور خوبصورتی و بہتری بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایات اور صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کی بدولت تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور آج ایک مثالی ادارہ بن چکا ہے

ڈاکٹر احمد نور

ایم ایس

ہسپتال کی جدید ترین لیبارٹری میں ہر قسم کے ٹیسٹ کی سہولت موجود ہے جبکہ دل کے مریضوں کو خصوصی طور پر تمام مفت طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

مریضوں کے لیے قائم ڈیلیسز سنٹر میں روزانہ کی بنیاد پر مریضوں کا ڈائیلاسز کیا جاتا ہے تاکہ انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصلپور

حاصل پور (نامہ نگار) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصلپور ڈاکٹر احمد نور نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات اور صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کی بدولت تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور آج ایک مثالی ادارہ بن چکا ہے، جہاں عوام کو علاج معالجے کی تمام بنیادی اور جدید سہولتیں ایک ہی چھت کے نیچے میسر ہیں انہوں

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جماعت اہل سنت پاکستان تحصیل احمد پور شرقیہ کے مرکزی آفس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد

سماجی کارکن جان محمد چوھان اور محمد ارحم سلیم قادری کی خدمات پر ملنے والا سول سماجی ایوارڈ لائق تحسین ہے

ہم امید کرتے ہیں کے یہ دونوں سماجی حثیت رکھنے والے سماجی کارکن آئندہ بھی اپنی خدمات پہلے سے بڑھ کر کرینگے

احمد پور شرقیہ (تحصیل رپورٹر) جماعت اہل سنت پاکستان تحصیل احمد پور شرقیہ کے مرکزی آفس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں نامور سماجی کارکن جان محمد چوھان اور سماجی رہنما محمد ارحم سلیم قادری کو ایجوکیشن ویلفیئر سوسائٹی اور مقامی تعلیمی ادارے کی جانب سے سماجی سول

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صدر آصف زرداری کی لاہور ہائیکورٹ کے 11 ججز کو مستقل کرنے کی منظوری

جس کے بعد وزارت قانون نے ایڈیشنل ججز کی مستقلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر مملکت آصف علی زرداری نے لاہور ہائی کورٹ کے 11 ججز کو مستقل کرنے کی منظوری دے دی، جس کے بعد وزارت قانون نے ایڈیشنل ججز کی مستقلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ ایڈیشنل جج جسٹس طارق

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یکم فروری سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یکم فروری سے بڑے اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت 9 روپے 47 پیسے فی لیٹر اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں 6 روپے 95 پیسے فی لیٹر

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اداریہ روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ ------- بہاولپور

پاکستان۔ متحدہ عرب امارات تعلقات: سفارتی استحکام اور معاشی امکانات

30 جنوری 2026ء

صدر مملکت آصف علی زرداری کا حالیہ دورہ متحدہ عرب امارات پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تسلسل، علاقائی استحکام اور معاشی سفارت کاری کے تناظر میں نہایت اہم قرار دیا جا رہا ہے۔ اس دورے کے دوران صدر مملکت کی اماراتی قیادت سے ہونے والی ملاقاتوں نے دونوں برادر ممالک کے دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔

ابوظہبی میں متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان سے ملاقات کے دوران دوطرفہ تعاون کے مختلف پہلوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، ٹیکنالوجی اور عوامی روابط جیسے شعبوں میں نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان اور یو اے ای مستقبل میں محض سفارتی شراکت دار نہیں بلکہ ترقی کے عملی سفر میں ایک دوسرے کے حقیقی معاون بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

صدر آصف علی زرداری کی جانب سے متحدہ عرب امارات کی مسلسل حمایت پر اظہار تشکر ایک حقیقت پسندانہ اعتراف ہے، کیونکہ مشکل معاشی حالات میں یو اے ای نے ہمیشہ پاکستان کے ساتھ تعاون کا عملی مظاہرہ کیا ہے۔ ملاقات میں علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال اس بات کی علامت ہے کہ دونوں ممالک نہ صرف باہمی مفادات بلکہ عالمی امن، استحکام اور پائیدار ترقی کے مشترکہ وژن پر بھی ہم آہنگ ہیں۔

اسی دورے کے دوران صدر مملکت کی امارات کے وزیر رواداری و بقائے باہمی شیخ نہیان بن مبارک النہیان سے ملاقات ایک مثبت سماجی و فکری پیغام کی حامل رہی۔ رواداری، شمولیت اور پرامن بقائے باہمی جیسے تصورات آج کی منقسم دنیا میں غیر معمولی اہمیت اختیار کر چکے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کا 200 سے زائد قومیتوں کو ایک معاشرتی ڈھانچے میں باہم احترام کے ساتھ جوڑنا یقیناً عالمی سطح پر ایک قابلِ تقلید مثال ہے، جسے صدر مملکت نے بجا طور پر سراہا۔

دبئی میں اماراتی نائب صدر و وزیراعظم شیخ محمد بن راشد آل مکتوم سے ملاقات نے معاشی تعاون کے نئے دروازے کھولنے کی امید پیدا کی ہے۔ دبئی کا ترقیاتی ماڈل، بندرگاہی نظام، لاجسٹکس اور آئی ٹی کے شعبے پاکستان کے لیے سیکھنے اور اپنانے کے قابل تجربات فراہم کرتے ہیں۔ صدر زرداری کی جانب سے اصلاحات اور نجکاری سے متعلق بریفنگ اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ پاکستان سرمایہ کاری کے لیے ایک سنجیدہ اور حقیقت پسندانہ حکمت عملی اختیار کر رہا ہے۔

اہم بات یہ ہے کہ متحدہ عرب امارات نے ایک مرتبہ پھر پاکستان کی معاشی ترقی میں تعاون کے عزم کا اعادہ کیا اور وہاں مقیم پاکستانی برادری کے کردار کو سراہا، جو دونوں ممالک کے تعلقات کا ایک مضبوط انسانی رشتہ ہے۔

بلاشبہ صدر مملکت کا یہ دورہ پاکستان کی سفارتی سمت کو مضبوط کرتا ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ان ملاقاتوں کو محض بیانات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی منصوبوں، سرمایہ کاری معاہدوں اور ادارہ جاتی تعاون میں ڈھالا جائے، تاکہ پاکستان واقعی معاشی استحکام کی راہ پر گامزن ہو سکے۔

پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات اگر اسی اعتماد، تسلسل اور عملی تعاون کے ساتھ آگے بڑھتے رہے تو یہ شراکت نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پورے خطے کے لیے امن، ترقی اور خوشحالی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

دھاتی ڈور و غیر قانونی پتنگ بازی کے خلاف پنجاب پولیس کی زیرو ٹالرنس پالیسی

اینٹی کائٹ فلائنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر 262 ملزمان گرفتار، لاکھوں پتنگیں و ڈور برآمد

خونی کھیل کسی صورت برداشت نہیں، بلا امتیاز سخت کارروائی ہوگی: آئی جی پنجاب

لاہور (سی ایم لنکس) پنجاب پولیس دھاتی ڈور اور غیر قانونی پتنگ بازی کے خلاف لاہور سمیت صوبہ بھر میں اینٹی کائٹ فلائنگ ایکٹ کی خلاف ورزی پر زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت بھرپور اور مؤثر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونا 21 ہزار روپے مہنگا، پہلی بار 5 لاکھ 72 ہزار روپے فی تولہ

کراچی (سی ایم لنکس) عالمی و مقامی تاریخ میں سونے اور چاندی کی قیمتوں کا نیا ریکارڈ بن گیا، ملکی تاریخ میں پہلی بار فی تولہ سونے کی قیمت میں 21 ہزار 200 روپے کا بڑا اضافہ ہو گیا۔ صرافہ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی جی آئی ایس پی آر کی جامعہ کراچی میں طلباء و اساتذہ سے ملاقات

پاکستان کے عوام اور مسلح افواج قومی سلامتی کیخلاف متحد ہو کر مقابلہ کریں گے۔ طلباء

کراچی (سی ایم لنکس) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی جامعہ کراچی میں طلباء و اساتذہ کے ساتھ ایک نشست ہوئی ہے۔ جامعہ کراچی پہنچنے پر اساتذہ، طلباء اور فیکلٹی ممبران نے ڈی جی آئی ایس پی آر کا استقبال کیا۔ اس موقع پر اساتذہ کا کہنا تھا کہ بغیر تحقیق معلومات پھیلانا معاشرتی انتشار کا باعث بنتا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ نے خیبر پختونخوا کے پولیس اہلکاروں کو برطرفی واجبات کا حقدار قرار دے دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ آف پاکستان نے خیبر پختون خوا کے برطرف پولیس اہلکاروں کی بحالی اور واجبات کی ادائیگی سے متعلق فیصلہ جاری کیا ہے۔ فیصلے میں غلط برطرفی کا شکار ملازمین کو پچھلے تمام واجبات کا

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسٹاک ایکسچینج: مثبت رجحان، انڈیکس 1 لاکھ 88 ہزار سے متجاوز

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں کاروباری ہفتے کے چوتھے روز 1 رج مثبت رجحان دیکھا جا رہا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اپوزیشن جماعتیں غزہ فوج بھیجنے کے حکومتی فیصلہ کی کھل کر مخالفت کریں، حافظ نعیم الرحمٰن

پنجاب کے اضلاع میں احتجاج روکنے کے لیے ریڈ زون کے قیام کا بل ایک اور غیر جمہوری تماشہ ہے

ووٹ کو عزت دو کا نعرہ لگانے والے پنجاب میں عوام دشمن بلدیاتی قانون لے آئے

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں حکومت کے غزہ فوج بھیجنے کے فیصلہ کی کھل کر مخالفت کریں، ٹرمپ سے امیدیں وابستہ اور اس کی تابعداری طاغوت کی پرستش کے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے روانڈا کافی فیسٹیول کا افتتاح کیا،

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور روانڈا کی زرعی معیشتوں کے اشتراک سے ایک

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کی لیپ ٹاپ سکیم میرٹ اور کارکردگی کی علامت ہے

، وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا راولپنڈی میں تقریب سے خطاب

راولپنڈی (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ ماضی میں سیاسی رہنماؤں کی تقاریر بظاہر بڑی پر اثر ہوتی تھیں مگر ان کا کوئی عملی نتیجہ سامنے نہیں آتا تھا، جبکہ ہم اپنے رہنماؤں پر نعروں نہیں بلکہ کارکردگی کی بنیاد پر فخر کرتے ہیں۔ وہ جمعرات کو پیر مہر علی شاہ بارانی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سے مصر کے سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال سیپاکستان میں مصر کے سفیر ڈاکٹر ایہاب عبدالحمید نے ملاقات کی جس میں صحت

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تھانہ شیدانی میں زمین کے تنازعہ کے معاملے پر خاتون مدعیہ اور اس کے اہل خانہ کے ساتھ مبینہ ناروا سلوک کا واقعہ

متاثرین کا نیشنل پریس کلب لیاقت پور میں احتجاج کرتے ہوئے آئی جی پنجاب پولیس اور ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں سے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ

جن پور (نامہ نگار) تھانہ شیدانی میں زمین کے تنازعہ کے معاملے پر خاتون مدعیہ اور اس کے اہل خانہ کے ساتھ مبینہ ناروا سلوک کا واقعہ سامنے آیا ہے، جس پر متاثرین نے نیشنل پریس کلب لیاقت پور میں احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ پولیس حکام سے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق موضع قادو والی کی رہائشی میرو مائی عرف امیر مائی زوجہ عبدالکریم کا اپنے رشتہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے اپنے آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر بروقت حل کرنا ہے

بہاول پور (پ ر) ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے اپنے آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ شہریوں کی بڑی تعداد نے کھلی کچہری میں شرکت کی، جہاں شہریوں کے مسائل سنے گئے اور متعلقہ افسران کو فوری حل کے احکامات جاری کیے گئے۔ ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

روزانہ کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے، ڈی پی او رانا عبدالوہاب

۔ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا تحرک تیز کیا جائے

بہاول پور (پ ر) کانفرنس ہال میں برانچ ہیڈ ز کے ہمراہ ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سے بذریعہ ویڈیو لنک میٹنگ کی۔ میٹنگ میں جملہ سرکل افسران نے نے مقدمات بارے ڈی پی او بہاولپور کو بریفنگ دی۔ جس پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ روزانہ کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے۔ اشتہاری مجرمان کی گرفتاریوں کا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ بذریعہ ویڈیو لنک کرائم میٹنگ کر رہے ہیں

اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی اکیڈیمک کونسل کا 61 واں اجلاس

اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کی صدارت میں بغداد الجدید کیمپس میں منعقد ہوا

اجلاس میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس سے ہم آہنگ جدید نصاب پر مبنی تعلیمی پروگراموں نصاب اور دیگر تعلیمی معاملات زیر غور آئے

بہاول پور (پ ر) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی اکیڈیمک کونسل کا 61 واں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کی صدارت میں بغداد الجدید کیمپس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں آرٹیفیشل انٹیلیجنس سے ہم آہنگ جدید نصاب پر مبنی تعلیمی پروگراموں نصاب اور دیگر تعلیمی معاملات زیر غور آئے۔ ڈائریکٹر اکیڈیمک کونسل پروفیسر ڈاکٹر جواد اقبال نے گزشتہ اجلاس میں ہونے والے فیصلوں پر عملدرآمد پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈینز، رجسٹرار محمد تجمیح الرحمٰن، کنٹرولر امتحانات طالب حسین، پرنسپل کالجز، اور تدریسی شعبہ جات کے سربراہان نے شرکت کی۔

وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران اکیڈیمک کونسل کے 61 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک بھر میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم 2 فروری سے شروع ہوگی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم شہباز شریف سے یورپی یونین کے سفیر کی ملاقات،

وزیراعظم کا پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارت کے فروغ میں، جی ایس پی پلس سکیم کے کلیدی کردار پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں خصوصاً تجارت، سرمایہ کاری، ترقی و سلامتی، مائیگریشن اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبوں میں تعاون کو مزید

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب حکومت کی سپریم کورٹ کے 3 فیصلوں کیخلاف نظرِ ثانی کی درخواستیں دائر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پنجاب حکومت نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے 3 فیصلوں کے خلاف نظرِ ثانی کی درخواستیں دائر کر دیں۔ خاتون

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کا سی پیک کو افغانستان تک پھیلانے کا فیصلہ

چین پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات بہتر کرنے کی کوشش کر رہا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان نے پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کو افغانستان تک پھیلانے کا فیصلہ کر لیا۔ حکام دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان نے سی پیک کو افغانستان تک پھیلانے کا فیصلہ کر لیا۔ پاکستان اور

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وقاص لاہوری اور چوہدری محمد زبیر ڈھلوں ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی فلاحی خدمات قابل تحسین ہیں

گوٹھ ماہی میں انجام دیے گئے فلاحی کام ان حضرات کی سماجی خدمات کا منہ بولتا ثبوت ہیں

موضع گوٹھ ماہی میں ایک بہترین، خوبصورت اور روح پرور مسجد کی تعمیر بھی انہی نیک دل شخصیات کی کاوشوں کا ثمر ہے

اللہ آباد (نامہ نگار) وقاص لاہوری اور چوہدری محمد زبیر ڈھلوں ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی فلاحی خدمات قابل تحسین ہیں انہوں نے ہمیشہ خدمتِ خلق کو اپنا شعار بنایا ہوا ہے وہ انسانیت کی فلاح و بہبود کو ہمیشہ مقدم رکھتے ہیں۔ اس نیک مشن میں ان کے والدِ چوہدری لیاقت علی کی تربیت، دعائیں اور رہنمائی نمایاں ہیں جنہوں نے خدمت، دیانت اور اخلاص کی اقدار اپنی اولاد کے دلوں میں راسخ کی ہیں گوٹھ ماہی میں انجام دیے گئے فلاحی کام ان حضرات کی سماجی خدمات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ وہاں کے قدیم اور ضروری مسئلے کو مدِنظر رکھتے ہوئے اور مرحومین کی آخری آرام

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

جس میں بالخصوص ملٹی ڈومین وارفیئر کی تیاریوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔اس موقع پر چیف آف ڈیفنس فورس نے خیرپور ٹامیوالی) کے پی ٹی (میں فیلڈ ایکسرسائز اسٹیڈ فاسٹ ریزولو کا مشاہدہ کیا، جس میں جدید ٹیکنالوجیز جیسے بغیر پائلٹ فضائی نظام)ڈرونز (، جدید نگرانی کے آلات، الیکٹرانک وارفیئر کے وسائل اور جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول نظام کا باہمی انضمام شامل تھا، یہ مشق مسلح افواج کی ٹیکنالوجی پر مبنی ملٹی ڈومین آپریشنز پر توجہ کی عکاسی کرتی ہے۔جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ان کے بلند حوصلے، پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا، انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے ہر قسم کے خطرات سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں،انہوں نے مستقبل کے میدانِ جنگ اور سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت اعلیٰ سطح کی تیاری برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ چیف آف ڈیفنس فورس نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پاکستان کی مسلح افواج مختلف شعبوں میں بڑی تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں، جنگ کی نوعیت میں نمایاں تبدیلی آ چکی ہے، جہاں ٹیکنالوجی میں ترقی اس ارتقا کو آگے بڑھا رہی ہے اور اس کے نتیجے میں تمام سطحوں پر فکری تبدیلی ناگزیر ہو چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ مستقبل میں ٹیکنالوجی پر مبنی چالیں جسمانی چالوں کی جگہ لے لیں گی اور جارحانہ و دفاعی آپریشنز کے طریقہ کار کو بنیادی طور پر تبدیل کر دیں گی، اسی لیے پاکستان کی مسلح افواج تیزی سے جدید ٹیکنالوجی کو اپنا رہی ہیں، اس عمل میں جدت، مقامی تیاری)انڈیجینائزیشن (اور مطابقت بنیادی ستون رہیں گے۔قبل ازیں چیف آف آرمی سٹاف نے روہی ای اسکولرننگ ہب) ایس ٹی پی (کا افتتاح کیا، جس کا مقصد بالخصوص جنوبی پنجاب اور ملک بھر کے طلبہ کے لیے ڈیجیٹل مہارتوں اور سیکھنے کے مواقع کو فروغ دینا ہے، انہوں نے آرمی پبلک اسکول)اے پی ایس (عباسیہ کیمپس کا بھی افتتاح کیا، جو معیاری تعلیم اور کردار سازی کے لیے پاک فوج کے عزم کا مظہر ہے۔بعدازاں چیف آف ڈیفنس فورس نے ای ایم ای ریجنل ورکشاپ کا دورہ کیا، جہاں انہیں جدید پلیٹ فارمز کی دیکھ بھال اور برقرار رکھنے کے نظام پر بریفنگ دی گئی، جو جدید ٹیکنالوجی، مقامی تیاری اور دیگر جنگی معاون اقدامات کے ذریعے انجام دی جا رہی ہے۔اس سے قبل، بہاولپور گیریژن پہنچنے پر چیف آف ڈیفنس فورس کا استقبال کمانڈر بہاولپور کور نے کیا، انہوں نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، اور شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ نمبر 02

ترقی کے فروغ کے لیے پائیدار مذاکرات اور سفارتی تبادلہ خیال کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں رہنماں نے مشترکہ تاریخ، ثقافت اور عقیدے سے جڑے پاکستان اور ایران کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات پر روشنی ڈالی۔شہباز شریف اور ایرانی صدر پزشکیان نے دوطرفہ تعلقات کے دائرہ کار میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے دوطرفہ ادارہ جاتی میکانزم کے ذریعے اعلیٰ سطحی روابط اور مشاورت کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے خطے میں امن، سلامتی اور ترقی کے فروغ کے لیے پائیدار مذاکرات پرزوردیا۔

بقیہ نمبر 03

پولیومہم کا آغاز ضلع بہاولپور میں 2 فروری سے ہوگا جو 4 فروری 2026 تک جاری رہے گی، جبکہ 5 فروری کورہ جانے والے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے کیچ اپ پولیو ایکٹیویٹی منعقد کی جائے گی۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے انسداد پولیومہم کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ محکموں کو باہمی تعاون کے ساتھ مہم کو کامیاب بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس قومی فریضے کی ادائیگی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو افیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی بہاولپور ڈاکٹر عامر بشیر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انسداد پولیومہم کے دوران ضلع بھر کے پانچ سال سے کم عمر 8 لاکھ 24 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے 3276 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئیں ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو ویکسین پلائیں گی۔اس کے علاوہ 195 فکسڈ ٹیمیں اور 136 ٹرانزٹ ٹیمیں بھی تعینات کی جائیں گی جو بس اڈوں، ریلوے اسٹیشنز اور دیگر اہم مقامات پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی، کوریج اور معیار کی مؤثر نگرانی کے لیے 122 یونین کونسل مانیٹرنگ افسر تعینات کیے گئے ہیں، جو مہم کے دوران مسلسل نگرانی کریں گے۔انہوں نے متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈیوٹی افسران کو ہدایت کی کہ فیلڈ میں کسی بھی قسم کی کوتاہی یالاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں انسداد پولیومہم کے انتظامات، ٹیموں کی تربیت، ویکسین کی دستیابی اور سیکورٹی انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ محکمہ صحت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے تاکہ مہم کو کامیابی سے ہمکنار کیا جا سکے اور ضلع بہاولپور کو پولیوفری بنانے کا ہدف حاصل کیا جا سکے۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ احتشام، محکمہ صحت کے افسران سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 04

امور اور جاری ترقیاتی اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تمام سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ خوبصورتی، مناسب لائٹنگ، گرین بیلٹس کی بحالی، صفائی ستھرائی، واش رومز، ویٹنگ ایریاز کی بہتری، کرب سٹون کا رنگ و روغن اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب و مؤثر مانیٹرنگ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ بعض اوقات چھوٹی چھوٹی مثبت تبدیلیاں بھی عوام پر بہتر اور دیرپا اثرات مرتب کرتی ہیں، اس لیے تمام افسران اور متعلقہ عملہ اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری اور جذبے کے ساتھ انجام دے۔ انہوں نے کہا کہ تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس مجموعی طور پر اچھا کام کر رہے ہیں تاہم مزید بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود ہوتی ہے، جسے مسلسل محنت، دلچسپی اور مؤثر نگرانی کے ذریعے مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے اسسٹنٹ کمشنرز اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے فارمیسی، ایمرجنسی اور ویٹنگ ایریاز کی اپ لفٹنگ اور بہتری کے لیے خصوصی ہدایات بھی جاری کیں۔ انہوں نے زور دیا کہ دستیاب وسائل کو بہترین انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں۔اس موقع پر اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ احتشام شریک تھے جبکہ باقی تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ نمبر 05

حسن رضا نے ہائی وے ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ بلڈنگ کے دفاتر کے باہر جاری ترقیاتی وتزئین و آرائش کے کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے شہری خوبصورتی میں اضافے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کی اہمیت پر زور دیا۔معائنے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ دفتر کی بیرونی دیوار پر معیاری رنگ و روغن کا کام فوری طور پر مکمل کیا جائے تاکہ سرکاری عمارت کی ظاہری خوبصورتی میں اضافہ ہو۔انہوں نے دیوار کے ساتھ موجود گرین بیلٹس میں خوبصورت، دیدہ زیب اور ماحول دوست پودے لگانے کے احکامات بھی جاری کیے تاکہ سرسبز ماحول کو فروغ دیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے روڈ اور فٹ پاتھ کے درمیان جگہ پر ٹف ٹائلز بچھانے کے جاری کام کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ یہ کام جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت میسر آ سکے اور شہر کی مجموعی خوبصورتی میں اضافہ ہو۔انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کوئی سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائے گا اور تمام کام مقررہ مدت میں مکمل ہونے چاہئیں۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر ہائی وے فرخ ممتاز وڑائچ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جنہوں نے ڈپٹی کمشنر کو جاری منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 06

طاقت کے استعمال اور اقتصادی پابندیوں کے حق میں نہیں، ہم امید کرتے ہیں کہ امن بحال ہوگا۔ بھارت اور یورپ کے درمیان تجارتی معاہدے کے حوالے سے سوال کے جواب میں طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ پاکستان اور یورپ کے درمیان اچھے تعلقات ہیں، پاکستان اور یورپ کے درمیان تجارتی حجم 12 ارب یورو سے زیادہ ہے، بھارت کے یورپ کے ساتھ معاہدات کے حوالے سے بات چیت کی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ صدر زرداری نے یواے ای کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان سے ملاقات کی، اجلاس میں ابوظہبی کے سپریم کونسل برائے مالی و اقتصادی امور نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے اور جاری منصوبوں کا جائزہ لینے پر زور دیا، دونوں ممالک نے پرچم بردار منصوبوں کے ذریعے سرمایہ کاری بڑھانے اور تجارتی تعلقات وسیع کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات کرنے پر اتفاق کیا۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ مشترکہ کوششوں سے مسائل جلد حل کیے جائیں گے، اس ہفتے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران اور بنگلہ دیش کے وزرائے خارجہ سے ٹیلی فونک بات چیت کی اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، اسی دوران گھانا کے ساتھ وفود کی سطح پر دوطرفہ تعلقات پر بھی بات چیت ہوئی، صدر زرداری کا یہ دورہ سرمایہ کاری، تجارتی اور اقتصادی تعلقات کے فروغ اور عوامی رابطوں کے شعبے میں تعاون بڑھانے کے لیے اہم سنگ میل ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق اس ہفتے وزیراعظم نے ورلڈ اکنامک فورم ڈیووس میں شرکت کی، ایونٹ کے دوران وزیراعظم نے عالمی سربراہان سے ملاقاتیں کیں، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی اس دورے میں وزیراعظم کے ہمراہ تھے، ڈیووس سے واپسی پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا، جس میں ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی اتصالات کی پاکستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ اسی ہفتے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے دو مرتبہ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفونک گفتگو کی، جس میں ایران اور خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے امریکا کی جانب سے اپنے شہریوں کو پاکستان کے سفر کے لیے جاری ہونے والی ٹریول ایڈوائزری کے حوالے سے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان تعلقات اچھے ہیں، امریکا نے بعض پہلے سے جاری ٹریول ایڈوائزریز واپس بھی لے لی ہیں اور دونوں ملکوں کے تعلقات معمول کے مطابق ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق قزاقستان کے صدر جلد پاکستان کا دورہ کریں گے، جس کی تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی، دونوں ملکوں کے درمیان ریلوے منصوبے پر فی الحال کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، تاہم مجوزہ مفاہمتی یادداشتوں کی تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 07

نواز شریف کے وژن '' محفوظ پنجاب '' کے تحت ضلعی انتظامیہ بہاولپور کی جانب سے فائر سیفٹی اقدامات کو مؤثر بنانے کے لیے ایک کثیر المنزلہ تجارتی مرکز میں جامع فائر سیفٹی موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا۔موک ایکسرسائز کی براہ راست نگرانی ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کی۔ تفصیلات کے مطابق فائر ایمرجنسی کی کسی بھی ممکنہ صورتحال سے نمٹنے کے لیے واک تھرو ایکسرسائز اور فائر ڈرل کا انعقاد کیا گیا، جس کے دوران عمارت میں موجود افراد کے بروقت اور محفوظ انخلاء، ریسکیو کارروائیوں اور فوری طبی امداد کی عملی مشق کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریسکیو 1122 کے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر سے فائر سیفٹی انتظامات، دستیاب وسائل اور ردعمل کے طریقہ کار پر تفصیلی بریفنگ بھی حاصل کی۔ موک ایکسرسائز کے دوران ریسکیو، انخلاء اور فوری امدادی کارروائیوں کا عملی مظاہرہ کیا گیا، جبکہ میڈیکل پلان پر بھی عملدرآمد کو جانچا گیا۔ اس کے علاوہ ایمرجنسی پلان اور لاجسٹک پلان کو عملی طور پر ٹیسٹ کیا گیا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ادارہ جاتی ہم آہنگی، وسائل کی دستیابی اور فوری ردِعمل کی صلاحیت کا جائزہ لیا جا سکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے فائر سیفٹی انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فائر سیفٹی ڈرلز ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی مشقوں سے نہ صرف اداروں کی تیاری بہتر ہوتی ہے بلکہ عوام میں بھی آگاہی پیدا ہوتی ہے۔ فائر سیفٹی ڈرل میں ریسکیو ایمرجنسی 1122، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں نے مشترکہ طور پر شرکت کی۔ موک ایکسرسائز کے ذریعے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اداروں کی تیاری اور باہمی تعاون کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 08

شکایت کی صورت میں رقم روکنے یا کارڈ بلاک کرنے کی دھمکیاں دیتے تھے کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے شناختی کارڈز، بائیومیٹرک ڈیوائسز، موبائل فونز، رجسٹرز اور نقد رقم بھی برآمد کر لی گئی، جو فراڈ کے ثبوت ہیں۔ ایف آئی اے نے گرفتار افراد کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ دیگر ملوث افراد کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ سرکاری فلاحی پروگرامز میں کرپشن کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور مستحق افراد کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ نمبر 09

نے کہا کہ ہسپتال کی جدید ترین لیبارٹری میں ہر قسم کے ٹیسٹ کی سہولت موجود ہے جبکہ دل کے مریضوں کو خصوصی طور پر تمام مفت طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔اور گردوں کے مریضوں کے لیے قائم ڈیلیسز سنٹر میں روزانہ کی بنیاد پر مریضوں کا ڈائیلاسز کیا جاتا ہے تاکہ انہیں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو ڈاکٹر احمد نور نے بتایا کہ ہسپتال میں الٹراساؤنڈ، ایکسرے سمیت تمام اہم ڈیپارٹمنٹس فعال انداز میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور میرٹ کی بنیاد پر مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر شعبہ اپنی حدود کے اندر بھرپور ذمہ داری کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ کسی مریض کو علاج کے حصول میں رکاوٹ نہ آئے ایم ایس ڈاکٹر احمد نور کے مطابق تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور میں شفافیت اور خدمت کو اولین ترجیح دی جاتی ہے، جس کی بدولت عوام کا اعتماد اس ادارے پر بڑھ رہا ہےانہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ذاتی دلچسپی، حکومت پنجاب کی بھرپور توجہ اور ضلعی انتظامیہ کی موثر نگرانی کا نتیجہ ہے۔ حکومت پنجاب نے عوام کو علاج معالجے کی مفت اور جدید سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں، جن کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ رہے ہیں علاقے کے عوام اور مریضوں کی جانب سے بھی ہسپتال انتظامیہ، حکومت پنجاب، ضلعی افسران اور بالخصوص وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی صحت عامہ کے لیے گرانقدر خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ حاصل پور کے لوگوں کو اب بڑے شہروں کے ہسپتالوں کا رخ کرنے کی ضرورت نہیں رہی اب ان کے اپنے شہر میں ہی جدید ترین طبی سہولیات دستیاب ہیں

بقیہ نمبر 10

مطابق شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر بروقت حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے براہ راست رابطہ ایک خوش آئند قدم ہے۔

بقیہ نمبر 11

تحرک تیز کیا جائے اور پرانے ملزمان کو اشتہاری قرار دلوایا جائے۔قتل، اقدام قتل، ڈکیتی، رابری اور سنگین مقدمات کی تفتیش میرٹ اور متعینہ وقت کے اندر کی جائے۔ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کروائیں اور چالان دی گئی ڈیڈلائین میں عدالت جمع کروائے جائیں۔ جملہ سرکل افسران روزانہ کی بنیاد پر زیر تفتیش مقدمات بارے تفصیلی رپورٹ مرتب کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں۔ گشت کے نظام کو موثر اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔ منشیات فروشوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔ تھانہ پر آنے والی درخواستوں کو میرٹ پر متعین کردہ وقت میں حل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری پالیسی صرف اور صرف میرٹ ہے، شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ پولیس کی طرف سے کسی بھی شہری کی ساتھ زیادتی یا بدعنوانی کی شکایت پر سخت احتساب عمل میں لایا جائے گا۔ میٹنگ میں ڈی پی او بہاولپور نے ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان اور ایس ایچ او تھانہ ہیڈ راجکاں کو اچھی کارکردگی پر CCIII سرٹیفکیٹ دیئے جبکہ ایس ڈی پی او سرکل حاصل پور کو Lettar fo Advice جبکہ ایس ایچ اوز تھانہ صدر حاصل پور، خیرپور ٹامیوالی، صدر احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب، چنی گوٹھ، اوچشریف، نوشہرہ جدید اور تھانہ ڈیرہ نواب صاحب کو ناقص تفتیش پر شوکاز نوٹس جاری کیے گئے۔ میٹنگ کے اختتام پر ڈی پی او بہاولپور نے جملہ ایس ڈی پی اوز کو روزانہ کی بنیاد پر اپنے سرکل میں کھلی کچہری لگانے اور شہریوں کے مسائل سن قانون کے مطابق حل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔

بقیہ نمبر 12

محمود باجوہ کی مدت میں 6 ماہ کی توسیع کی منظوری دی گئی ہے، وزارت قانون نے 6 ماہ توسیع کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔وزارت قانون نے جسٹس حسن نواز مخدوم، جسٹس ملک وقار حیدر اعوان، جسٹس سردار اکبر علی، جسٹس احسن رضا کاظمی، جسٹس ملک جاوید احمد ونیس اور جسٹس جواد ظفر کو مستقل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔اسی طرح جسٹس خالد اسحاق، جسٹس ملک اویس خان، جسٹس سلطان محمود، جسٹس تنویر احمد شیخ اور جسٹس عبہر گل خان کو بھی مستقل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 13

ایوارڈ ملنے پر ممبران ضلعی امن کمیٹی مولانا محمد احمد جالندھری مولانا عبدالعزیز خان فیضی مولانا محمد اشفاق سلفی تاجر رہنما وممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی شیخ محمد ایوب راجپوت جماعت اہل سنت کے ضلعی نائب صدر مولانا مفتی محمد محسن فیضی جماعت اہل سنت کے تحصیل امیر مہر سعید احمد سعیدی ناظم اعلی پروفیسر محمد شاہد رفیق چیف آرگنائزر لالہ محمد اسلم قریشی مرکزی صدر میلاد مصطفےٰ کمیٹی حاجی محمد حنیف چوہدری محمد زاہد سٹی امیر محمد شاہد عطاری فنانس سیکرٹری شیخ محمد عتیق مفتی محمد حسین فیضی ناظم اعلی سٹی محمد اظہر سعیدی آفس سیکرٹری حافظ عبدالجبار اور مقامی صحافی بشیر احمد مغل نے مبارک باد دیتے ہوئے کہا کے سماجی کارکن جان محمد چوہان اور محمد ارحم سلیم قادری کی خدمات پر ملنے والا سول سماجی ایوارڈ لائق تحسین ہےاور ہم امید کرتے ہیں کے یہ دونوں سماجی حیثیت رکھنے والے سماجی کارکن ائندہ بھی اپنی خدمات پہلے سے بڑھ کر کرینگے کیونکہ دکھی انسانیت کی خدمت ایک عظیم کام ہے

بقیہ نمبر 14

ہے۔بازار حصص میں کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 498 پوائنٹس کے اضافے کے بعد 1 لاکھ 88 ہزار 878 کی سطح پر پہنچ گیا۔کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 1 لاکھ 88 ہزار 923 پوائنٹس کی بلندی پر پہنچا جبکہ 100 انڈیکس 1 لاکھ 87 ہزار 550 کی نچلی سطح پر بھی آیا۔واضح رہے کہ گزشتہ روز 100 انڈیکس 1 لاکھ 88 ہزار 380 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 15

ہے۔ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے بتایا کہ رواں سال اب تک لاہور سمیت صوبہ بھر میں انسداد پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی پر 2621 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ 2550 مقدمات درج کیے گئے۔کارروائیوں کے دوران 1 لاکھ 86 ہزار 944 پتنگیں اور 4184 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔صوبائی دارالحکومت لاہور میں کریک ڈاؤن کے دوران 1181 ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمات درج کیے گئے جبکہ 53 ہزار سے زائد پتنگیں اور 1073 ڈور چرخیاں برآمد کی گئیں۔اس کے علاوہ لاہور میں دھاتی ڈور سے بچاؤ کے لیے 1 لاکھ 38 ہزار 893 حفاظتی راڈ بھی تقسیم کیے گئے جبکہ 53 ہزار 752 افراد سے شورٹی بونڈز بھی لیے گئے۔انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے واضح کیا ہے کہ صوبہ بھر میں کسی بھی مقام پر پتنگ بازی ہرگز قابل برداشت نہیں، خلاف ورزی کی صورت میں بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں بھی سخت حکومتی شرائط اور قوانین کے مطابق صرف مخصوص دنوں میں ہی بسنت کی اجازت دی گئی ہے جبکہ دھاتی ڈور اور غیر قانونی پتنگ بازی مکمل طور پر ممنوع ہے۔آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ دھاتی ڈور اور پتنگوں کے آن لائن کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف بھی سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو اس خونی کھیل سے دور رکھیں اور انہیں غیر قانونی سرگرمیوں سے محفوظ رکھیں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے شہریوں سے اپیل کی کہ کسی بھی مقام پر پتنگ بازی یا دھاتی ڈور کے استعمال کی صورت میں فوری طور پر پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دے کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

بقیہ نمبر 16

اضافے کا امکان ہے، جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت میں 3 روپے 69 پیسے فی لیٹر اضافہ متوقع ہے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں 36 پیسے فی لیٹر کمی کا امکان ہے۔انڈسٹری ذرائع نے بتایا کہ اوگرا 30 جنوری کو ورکنگ پٹرولیم ڈویژن کو بھجوائے گا، وزارت خزانہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا حتمی فیصلہ وزیراعظم کی مشاورت سے کرے گی۔

بقیہ نمبر 17

داروں کے ساتھ زمین کا تنازعہ زیر سماعت ہے۔ متاثرہ خاتون کے مطابق وہ افسران کی ہدایت پر اپنے دیور کے ہمراہ تھانہ شیدانی گئیں، جہاں مبینہ طور پر سب انسپکٹر محمد جمیل نے دوسری پارٹی کی حمایت کرتے ہوئے ان کے دیور کو حراست میں لے لیا متاثرین کا کہنا ہے کہ متاثرہ شخص کو ایک رات حوالات میں رکھا گیا اور بعدازاں اہل خانہ کی کوششوں سے رہائی عمل میں آئی۔ واقعے کے بعد متاثرین نے آئی جی پنجاب پولیس اور ڈی پی او رحیم یار خان عرفان علی سموں سے غیر جانبدار تحقیقات اور انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 18

مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارت کے فروغ میں جی ایس پی پلس سکیم کے کلیدی کردار پر زور دیا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے یورپی یونین کے پاکستان میں سفیر رائمونڈاس کاروبلس نے جمعرات کو یہاں ملاقات کی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی اور سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ بھی وزیراعظم کے ہمراہ موجود تھے۔ وزیراعظم نے یورپی یونین کے سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ باہمی مفاد پر مبنی تجارتی تعلقات بالخصوص جی ایس پی پلس کے تحت تجارت کے فروغ کے اقدامات پر قریبی تعاون کے لئے پرعزم ہے۔ وزیراعظم نے یورپی یونین کے سفیر جنہوں نے چند ماہ قبل ہی پاکستان میں اپنی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں، کا خیرمقدم کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں خصوصاً تجارت، سرمایہ کاری، ترقی و سلامتی، مائیگریشن اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تجارت کے فروغ میں جی ایس پی پلس سکیم کے کلیدی کردار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان یورپی یونین کے ساتھ بالخصوص جی ایس پی پلس کے ذریعے باہمی مفاد پر مبنی تجارتی فروغ کے اقدامات پر قریبی تعاون کے لئے پرعزم ہے۔ وزیراعظم نے گزشتہ برس نومبر میں برسلز میں منعقد ہونے والے پاکستان-یورپی یونین سٹریٹجک ڈائیلاگ کے ساتویں دور پر بھی اطمینان کا اظہار کیا جس میں پاکستانی وفد کی قیادت نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کی تھی۔ یورپی یونین کے سفیر نے پاکستان آمد کے بعد وزیراعظم کی جانب سے ملنے والے پرتپاک استقبال پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور یقین دلایا کہ وہ پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کو تمام شعبوں میں مزید مستحکم بنانے کے لئے بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے یورپی یونین کی قیادت کی جانب سے وزیراعظم کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام بھی پہنچایا اور کہا کہ یورپی یونین جی ایس پی پلس کے تحت تجارت کے فروغ کے ساتھ ساتھ تجارتی سرگرمیوں بشمول اپریل میں منعقد ہونے والے پہلے یورپی یونین-پاکستان بزنس فورم کے ذریعے پاکستان کے ساتھ قریبی روابط کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 19

نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم 2 فروری سے شروع ہوگی جو 8 فروری تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس بریفنگ کے دوران کیا۔ عائشہ رضا فاروق نے بتایا کہ مہم کے دوران 4 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔انہوں نے والدین اور کمیونٹی سے اپیل کی کہ وہ ہر مہم میں پولیو ٹیموں سے مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی ادارے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں اور حکومتِ پاکستان پولیو کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے میں عوامی تعاون کلیدی حیثیت رکھتا ہے جبکہ علمائے کرام اور میڈیا پولیو سے متعلق آگاہی میں موثر کردار ادا کریں۔ عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ 2025 میں پولیو کیسز میں کمی واقع ہوئی اور 31 کیس رپورٹ ہوئے جبکہ حتمی ہدف زیرو پولیو کیسز کا حصول ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ پولیو ویکسین سے اموات کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا تاہم پولیو کا خطرہ بدستور موجود ہے۔انہوں نے بتایا کہ پولیو مہمات کے بجٹ کا 70 فیصد حصہ بین الاقوامی شراکت دار فراہم کرتے ہیں جبکہ 30 فیصد حکومتِ پاکستان کی جانب سے دیا جاتا ہے۔ پاکستان دومرتبہ پولیو کے خاتمے کے قریب پہنچ چکا ہے۔ عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ روٹین پولیو مہم کے ساتھ دیگر بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسی نیشن بھی کی جا رہی ہے۔انہوں نے انکشاف کیا کہ ساؤتھ کراچی میں پولیو کے قطرے نہ پلانے سے متعلق شکایات موصول ہوئیں جبکہ سات اضلاع کی بعض یونین کونسلز میں پولیو ورکرز کو مہم کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کراچی کے کچھ علاقوں میں پولیو ویکسین سے انکار کے واقعات بھی رپورٹ ہوئے ہیں اور ایک مخصوص علاقے میں اب بھی پولیو وائرس کی موجودگی پائی جاتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی وزیرِ صحت نے ارکان اسمبلی کے ساتھ مل کر پولیو مہم میں حصہ لیا، جس کے نتیجے میں حکومتی کوششوں سے پولیو کیسز میں نمایاں کمی آئی ہے۔ ملک بھر سے شہری پولیو کے خاتمے کے لیے بھرپور تعاون کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کو مزید موثر اور مضبوط بنایا گیا ہے اور پولیو ورکرز کی سیکیورٹی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو ڈیوٹی کے دوران ایف سی، نیوی اور فوجی جوان شہید ہو چکے ہیں جبکہ شہید پولیو ورکرز کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے اور زخمیوں کو 5 لاکھ روپے معاوضہ دیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 20

افغانستان کے حالات عارضی خراب ہیں، چین پاکستان اور افغانستان کے درمیان تعلقات بہتر کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ حکام نے بتایا کہ علاقائی تعاون کے فریم ورک بھارت کی وجہ سے چل نہیں رہے ہیں، سارک کا فورم بھارت کی وجہ سے چل نہیں رہا ہے، اس وجہ سے ہم علاقائی ممالک کے ساتھ روابط قائم کر رہے ہیں۔ حکام کے مطابق چین کے افغانستان میں دہشتگردی کے حوالے سے خدشات ہیں، پاکستان کے بھی افغانستان کے حوالے سے خدشات ہیں، چینی شہریوں کو افغانستان میں خطرات لاحق ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان اور چین کا افغانستان پر موقف یکساں ہے۔ سیکریٹری خارجہ کا کہنا تھا کہ دہشتگردی ایک عالمی خطرہ ہے جو سب کو درپیش ہے، دہشتگردی کے خطرے سے نمٹنے کیلئے مشترکہ فوجی مشقیں بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس کی بنیادی وجہ دہشتگرد تنظیموں کی بارڈر کراسنگ کو روکنا ہے۔

بقیہ نمبر 21

کے ساتھ ہونے والی جنسی زیادتی کو زنا بالرضا قرار دینے کے فیصلے، 16 افراد کو قتل کرنے کے ملزم کی سزا کو الگ الگ کاٹنے کے بجائے ایک ساتھ سزا شمار کرنے اور فوجداری مقدمے میں دیگر ملزمان کے ساتھ مفرور ملزم کو بھی بری کرنے کے عدالتی فیصلے کے خلاف نظرِ ثانی درخواستیں دائر کی گئی ہیں۔ نظر ثانی درخواستیں ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل پنجاب احمد رضا گیلانی کے ذریعے سپریم کورٹ میں دائر کی گئی ہیں۔ نظر ثانی درخواستوں میں موقف اپنایا گیا ہے کہ زنا بالجبر کو زنا بالرضا میں تبدیل کرنے کا فیصلہ درست نہیں، عدالتیں عام طور پر جنسی زیادتی کا شکار خاتون کے خلاف آبزرویشنز دینے سے گریز کرتی ہیں تاکہ احترام میں کمی نہ آئے، ملزم کے مکروہ اقدام سے پیدا بچے کے قانونی اور سماجی کردار پر بات کرنے میں عدالت ناکام رہی، عدالتی فیصلے سے جنسی زیادتی کی شکار خاتون اور اُس کے اہل خانہ پر مستقل داغ عائد کر دیا گیا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ ایک ہی سزا شمار کرنے کو مخصوص حالات اور مخصوص حقائق کے تناظر میں نظرِ ثانی کی جائے، 2 خاندانوں کے 21 افراد قتل ہو چکے ہیں، یہ معاملے انسداد دہشت گردی کے مقدمے کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، اس مقدمے میں 16 افراد کی جان گئی اور دوسری طرف 5 افراد کا قتل ہوا۔ نظر ثانی درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ 16 افراد کے قتل کی سزا ایک فرد کو قتل کرنے کے برابر دی گئی اور کہا گیا ہے کہ سزا اکٹھی چلے گی، سپریم کورٹ ایک فیصلے میں قرار دے چکی ہے کہ سزا اکٹھی ہوگی یا الگ عدالت کیس کے حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے طے کرے گی، سپریم کورٹ کے پیراگراف نمبر 16 اور 17 کو حل کیا جائے اور 16 افراد کو قتل کرنے کی سزا ایک ساتھ کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔

بقیہ نمبر 22

گاہوں کے تقدس کو آوارہ جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لیے قبرستان کی گرد پختہ چاردیواریں تعمیر کروائی ہے اور گوٹھ ماہی میں جنازہ گاہ کی تعمیر ایک عظیم صدقہ جاریہ ہے، جو ہر اس لمحے دعا میں ڈھل جاتا ہے جب کوئی سوگوار خاندان اپنے پیارے کو الوداع کہتا ہے۔ موضع گوٹھ ماہی میں ایک بہترین، خوبصورت اور روح پرور مسجد کی تعمیر بھی انہی نیک دل شخصیات کی کاوشوں کا ثمر ہے اور خاص کر علاقے کے بنیادی انسانی مسئلے کو مدنظر رکھتے ہوئے صاف پینے کے پانی کے فلٹر پلانٹ کی تنصیب کا پروگرام بھی جلد عملی شکل اختیار کرنے جا رہا ہے، یہ منصوبہ آنے والی نسلوں کے لیے صحت کا ذریعہ بنے گا۔ مزید برآں بھٹی چوک اللہ اباد میں زیر تعمیر مسجد جس پر کام تیزی سے جاری ہے اس میں بھی ان حضرات نے اپنا ایک خاطر خواہ اور قابل قدر حصہ شامل کیا ہے سیف الرحمٰن بھٹی نے کہا کہ مزید انسانیت کی خدمت کے لیے مصروف کار رہتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں مزید فلاحی خدمات کے لیے ہمت عطا فرمائے آمین

بقیہ نمبر 23

زرعی یونیورسٹی میں وزیراعظم کی لیپ ٹاپ سکیم کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ لیپ ٹاپ سکیم کو کئی سیاسی رہنماؤں نے تنقید کا نشانہ بنایا، تاہم حقیقت یہ ہے کہ یہ سکیم حقدار اور قابل طلبہ کے لیے ہے اور یہ کوئی خیرات نہیں بلکہ طلبہ کی محنت کا صلہ ہے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ یہ سکیم اس وقت شروع کی گئی جب شہباز شریف وزیراعلیٰ پنجاب تھے، اور اس کا مقصد نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا احترام نہایت ضروری ہے کیونکہ اچھی تربیت ہی ایک مضبوط قوم کی بنیاد بنتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری قیادت کی سربراہی میں میٹرو بس منصوبہ مکمل کیا گیا، جس میں سفر کرنے والے 70 فیصد افراد کا تعلق تعلیمی شعبے سے ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مانچسٹر اور برمنگھم میں ''ستھرا پنجاب'' منصوبے کو بطور ماڈل اسٹڈی کیا جا رہا ہے، جو پاکستان کے لیے باعثِ فخر ہے۔ ریلوے کے شعبے پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے 10 ارب روپے کا منافع کمایا ہے، 70 ریلوے اسٹیشنز کو ڈیجیٹل کر دیا گیا ہے جبکہ ریلوے اسٹیشنز اور پرائم ٹرینز میں وائی فائی کی سہولت بھی فراہم کی جا چکی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ہزارہ ڈویژن سے سال کے اختتام تک نیا ریلوے ٹریک شروع کیا جا رہا ہے اور پاکستان ریلوے کو وسط ایشیائی ریاستوں سے منسلک کرنے کے منصوبے کی بنیاد بھی اسی سال کے آخر میں رکھی جائے گی۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ ملک پر اصل حق ان لوگوں کا ہے جو اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، اور پوری دنیا پاکستان کی کامیابیوں کی معترف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہوسکتا ہے ہم سب نے اپنے حصے کا کام نہ کیا ہو، لیکن جن لوگوں کو طعنے دیے جاتے ہیں، انہوں نے عملی طور پر اپنے حصے کا کام کر کے دکھایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ راولپنڈی میں سکولوں، کالجوں اور ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن کا کام جاری ہے۔ آخر میں انہوں نے طلبہ کو نصیحت کی کہ وہ کامیاب لوگوں کی زندگیوں سے سبق حاصل کریں اور ملک وقوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر 24

کے شعبے سمیت دوطرفہ تعاون اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دواسازی کے شعبے میں تعاون، استعداد کار میں اضافے اور اس ضمن میں جاری پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیرِ صحت نے کہا کہ پاکستان اور مصر کے درمیان مضبوط، دیرینہ اور برادرانہ تعلقات قائم ہیں، جبکہ صحت کے شعبے میں تعاون دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات کا ایک اہم ستون بن چکا ہے۔ مصری سفیر نے اس موقع پر کہا کہ بالخصوص عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) جیسے فورمز پر پاکستان اور مصر کا باہمی اشتراک قابل تحسین اور قابل تقلید ہے۔ وفاقی وزیرِ صحت مصطفیٰ کمال نے عالمی ادارہ صحت کے 159 ویں اجلاس میں مصر کی جانب سے پیش کی گئی دو قراردادوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پریسیژن میڈیسن اور فیٹی لیور بیماری سے متعلق مصر کے اقدامات نہایت بروقت اور عالمی صحت کی ترجیحات سے ہم آہنگ ہیں۔ سفیر مصر نے دونوں قراردادوں پر پاکستان کی حمایت پر حکومتِ مصر کی جانب سے خصوصی شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیرِ صحت نے مصر کی جانب سے ہیپاٹائٹس کی روک تھام اور علاج کے لیے ادویات کی فراہمی میں تعاون کو بھی سراہا اور کہا کہ پاکستان میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے لیے مصر کی مثال ہمارے لیے ایک رول ماڈل کی حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 25

حقدار قرار دیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کے 5 رکنی لارجر بینچ کا فیصلہ جسٹس شاہد وحید نے تحریر کیا ہے۔ سپریم کورٹ نے بقایا جات کی ادائیگی کے فیصلے کے خلاف سرکاری اپیلیں مسترد کر دی ہیں۔ سپریم کورٹ نے پولیس اہلکاروں کی اپیلیں منظور اور خیبر پختون خوا سروس ٹریبونل کے فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے برطرف پولیس اہلکاروں کو ایک ماہ کے اندر تمام بقایا جات ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے کا آغاز نظم کے شعر 'انصاف کا سورج طلوع ہوگا تو اندھیرے چھٹ جائیں گے' سے کیا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے میں ولیم شیکسپیئر کا حوالہ 'رزق چھیننا زندگی چھیننے کے مترادف ہے' بھی دیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں ریمارکس دیتے ہوئے لکھا ہے کہ آئین کا آرٹیکل 9 زندگی کی ضمانت دیتا ہے، جس میں روزگار کا تحفظ بھی شامل ہے، غلط برطرفی کا شکار ملازم مکمل واجبات حاصل کرنے کا حقدار ہیں، حاکمیت کے کلچر کے بجائے جواز کے کلچر کی ضرورت ہے، آئین کے تحت ہر سرکاری افسر اپنے ہر فیصلے کا ٹھوس، عقلی اور معقول جواز فراہم کرنے کا پابند ہے، صوابدیدی اختیارات کا استعمال ایک مقدس امانت ہے، ذاتی پسند ناپسند کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق غیر منصفانہ، متعصبانہ یا من مانے فیصلے کرنے والے حکام کے خلاف عدالتی مداخلت ناگزیر ہے، ملازم کو یہ کہنا ہی کافی ہے کہ وہ بیروزگار تھا، اسے اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لیے دربدر نہیں بھٹکنا پڑے گا، ملازم کو جھوٹا ثابت کرنے کے لیے ثبوت لانا محکمے کی ذمہ داری ہے، نظام کی خرابی یا مقدمے بازی میں طویل تاخیر کی سزا غریب ملازم کو نہیں دی جاسکتی۔ واضح رہے کہ خیبر پختون خوا پولیس کے برطرف ملازمین کو عہدوں پر بحال کرنے کے بعد پچھلے واجبات روک لیے گئے تھے، خیبر پختون خوا سروس ٹریبونل نے پولیس اہلکاروں کو پچھلے واجبات دینے سے انکار کیا تھا۔ پولیس اہلکاروں نے عدالت میں درخواست دائر کرتے ہوئے استدعا کی تھی کہ وہ بحال ہو چکے ہیں، انہیں تمام واجبات بھی ملنے چاہئیں، محکمہ پولیس کا موقف تھا کہ پچھلے واجبات کی ادائیگی اتھارٹی کی صوابدید ہے۔

بقیہ نمبر 26

بازار میں 24 قیراط فی تولہ سونا بڑھ کر پہلی بار 5 لاکھ 72 ہزار 862 روپے کی بلند ترین سطح کو چھو گیا، 10 گرام سونے کی قیمت 18 ہزار 175 روپے بڑھ کر پہلی بار 4 لاکھ 91 ہزار 136 روپے کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔ ملک بھر میں 24 قیراط فی تولہ چاندی 264 روپے بڑھ کر پہلی بار 12 ہزار 175 روپے کی بلند ترین سطح پر فروخت ہونے لگی، انٹرنیشنل مارکیٹ میں فی اونس سونا 212 ڈالر کے بڑے اضافے سے پہلی بار 5 ہزار 505 ڈالر کی ریکارڈ سطح پر پہنچ گیا۔ انٹرنیشنل مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 2 ڈالر 64 سینٹس بڑھ کر پہلی بار 117 ڈالر پر پہنچ گئی۔

بقیہ نمبر 27

مترادف ہے، وزیراعظم نے دنیا کا امن تباہ کرنے والے امریکی صدر کو نوبل انعام کے لیے نامزد کرکے قوم کے وقار کو مجروح کیا۔ منصورہ میں جمعرات کو مرکزی تربیت گاہ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے پنجاب اسمبلی میں پیش کیے جانے والے اضلاع میں ریڈزون کے قیام کے بل کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے ایک اور غیر جمہوری تماشہ قرار دیا اور سوال اٹھایا کہ فارم سنتالیس کی پیداوار اور زبردستی مسلط ہونے والے حکمران ہوتے کون ہیں کہ عوام سے حق احتجاج چھینیں؟ انہوں نے کہا کہ بل میں ڈپٹی کمشنرز کے زیرنگرانی انٹیلی جنس کمیٹی کو احتجاج کی اجازت کا فیصلہ دینے کے اختیارات کی تجویز دی گئی ہے، کیا عوام کے منتخب نمائندے ڈپٹی کمشنر سے احتجاج کی اجازت طلب کریں گے؟ انگریز کی تیار کردہ افسر شاہی کا نظام سات دہائیوں سے ملک پر مسلط ہے، سیاسی پارٹیوں میں خاندانوں کی اجارہ داری قائم ہے، ملک میں گورننس کا بدترین نظام ہے، جماعت اسلامی پرامن عوامی مزاحمت سے نظام بدلنے کی جدوجہد کر رہی ہے۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر چترال لوئر وجیہ الدین، امیر چترال اپر اسد الرحمٰن، امیر مری غلام احمد عباسی، سیکرٹری جنرل ایبٹ آباد ہمایوں خان اور ناظم تربیت گاہ حافظ سیف الرحمٰن بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ بڑے شہروں میں بااختیار بلدیاتی نظام ہی مسائل کا حل ہے۔ ایم کیو ایم نے کراچی کو وفاق کے سپرد کرنے کا نیا شوشہ چھوڑا ہے، ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی سے کراچی کے عوام شدید بیزار ہیں، یہ دونوں پارٹیاں عوام کے ووٹ سے کبھی اقتدار میں نہیں آئیں گی، مقتدرہ نے ان کو زبردستی مسلط کیا۔ سترہ سال سے سندھ پر قابض پیپلز پارٹی اتنی نالائق ہے کہ کراچی کو آگ بجھانے والا سسٹم تک نہیں دے سکی۔ ایک خاندان اور چند وڈیرے پی پی کو چلا رہے ہیں، تباہی مچانے کے باوجود بلاول کو ونڈر بوائے (Wonder Boy) کے طور پر پیش کیا جارہا ہے، ن لیگ کو بھی ایک خاندان چلا رہا ہے، سیاسی پارٹیوں میں ایک نسل کے بعد دوسری کو حکمرانی کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ووٹ کو عزت دینے کا نعرہ لگانے والے پنجاب میں عوام دشمن بلدیاتی نظام لے آئے۔ پنجاب کا موازنہ سندھ سے کیا جارہا ہے جو پہلے ہی کھنڈر بن چکا ہے۔ پنجاب کا موازنہ اس کو دستیاب فنڈز سے ہوگا، صوبہ میں گزشتہ پندرہ برس کے فنڈز کا حساب دیا جائے۔ ناموں سے پل بنانا اور ٹھیلے لگانا ترقی کی علامت نہیں، عوام کا خون نچوڑ کر ٹیکس اکٹھا کرنے والے حکمران ذاتی تشہیر میں مصروف ہیں، آئی پی پیز کو ایک سال میں بائیس سو ارب دے دیے گئے، آئی پی پی مافیا ہر پارٹی میں موجود تھا، پنجاب میں کسان سے گندم دو ہزار من میں خریدی گئی اب آٹا چھ ہزار من فروخت ہو رہا ہے، وزیراعلیٰ بتائیں بارہ کروڑ عوام کا استحصال کیوں ہو رہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور سندھ کا حکمران طبقہ ایک ہی طرح کا ہے اور لوٹ مار میں شراکت دار ہے۔ انہوں نے مقتدرہ سے سوال کیا کہ لوٹ مار کرنے والوں کو عوام پر کیوں مسلط کیا جاتا ہے؟ امیر جماعت اسلامی نے واضح کیا کہ پنجاب میں غیر جمہوری بلدیاتی نظام کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے، کراچی میں عوام کا مینڈیٹ واپس لیں گے، شہر قائد میں یکم فروری کو ملین مارچ ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ وادی تیراہ میں برف باری کے باوجود گھروں کو خالی کرانے کا معاہدہ کیوں کیا گیا؟ وفاقی وصوبائی حکومت معاہدہ میں شامل تھی، اب وادی کے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جماعت اسلامی اور الخدمت فاؤنڈیشن اپنے تئیں لوگوں کی بھرپور مدد کر رہی ہے، فیصلہ کرنے والے ایسے اقدام اٹھانے سے قبل عوام کی مشکلات کے بارے میں کیوں نہیں سوچتے؟ بار بار کہہ رہے ہیں فوجی آپریشن سے مسائل حل نہیں ہوں گے، پاکستان کے حکمران عوام کے اعتماد کے بغیر فیصلے کریں گے تو مسائل میں مزید اضافہ ہوگا، افغانستان سے بات کی جائے، افغان سرزمین بھی کسی صورت پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ امریکی جنگ میں شمولیت کے نتائج قوم پچیس سال سے بھگت رہی ہے، مشرف کے فیصلوں کو آنے والوں نے پچھلوں پر ڈال دیا، موجودہ مسلط حکمران چلے جائیں گے تو قوم مزید نتائج بھگتے گی اور ملبہ جانے والوں پر ڈال دیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی کا غزہ فوج بھیجنے کا فیصلہ کسی صورت قبول نہیں، جے یو آئی کا اس حوالے سے موقف بھی قابل ستائش ہے، باقی سیاسی پارٹیاں بھی کھل کر سامنے آئیں۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ ملک میں منظم طریقے سے منشیات کا دھندہ چل رہا ہے، غریب نوجوانوں کی تعلیم تک دسترس نہیں، ملک میں چوالیس فیصد آبادی خط غربت سے نیچے ہے، حکمران طبقہ عوام کو کیڑے مکوڑے سمجھتا ہے، اس نظام کو بدلنا ہوگا، جماعت اسلامی مفاد پرست مسلط ٹولہ کو ہٹانے، دین کے نفاذ کی جدوجہد کر رہی ہے، دین کو سیاست سے الگ کر کے دیکھنا تصور دین کو سمجھنے میں غلطی ہے، نظام بدلنے کی جدوجہد کے خواہاں ہر فرد کے لیے جماعت اسلامی کے دروازے کھلے ہیں۔ جماعت اسلامی آنے والے دنوں میں پچاس ہزار عوامی کمیٹیاں اور پچاس لاکھ ممبر زبنانے کا ہدف مکمل کرے گی۔

بقیہ نمبر 28

ہے۔ دوسری جانب طلباء نے کہا کہ پاکستان کے عوام اور مسلح افواج قومی سلامتی کیخلاف متحد ہو کر مقابلہ کریں گے۔ طلباء نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ سوشل میڈیا پر دشمن کے گمراہ کن بیانیے کو ناکام بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 29

مضبوط عالمی خوراک کی سپلائی چین بن سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار جمعرات کو اسلام آباد میں روانڈا کافی فیسٹول کے افتتاح کے موقع پر روانڈا کے وزیر تجارت وصنعت پروڈنس سیباہیزی سے ملاقات میں کیا۔ کافی فیسٹول کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مشرقی افریقہ کے ساتھ اقتصادی تعاون کو بڑھانے کے پاکستان کے پختہ عزم کا اظہار کیا۔ جام کمال نے روانڈا کے وزیر تجارت و صنعت پروڈنس سیباہیزی سے بھی تفصیلی ملاقات کی جس کے دوران دونوں فریقین نے براہ راست سپلائی چین قائم کرنے، کاروبار سے کاروباری روابط کو فروغ دینے اور تجارت، زراعت، مینوفیکچرنگ، سرمایہ کاری اور لاجسٹک کے شعبوں میں تعاون کو وسیع کرنے پر اتفاق کیا۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان اور روانڈا زراعت پر مبنی معیشتیں ہیں، دونوں کے اشتراک سے ایک مضبوط عالمی خوراک کی سپلائی چین بن سکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جہاں روانڈا کی پاکستان کو برآمدات میں روایتی طور پر چائے کا غلبہ رہا ہے، پاکستان میں کافی کی کھپت خاص طور پر نوجوان آبادی میں تیزی سے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ پاکستان سالانہ تقریباً 3 ارب امریکی ڈالر کی چائے درآمد کرتا ہے جبکہ کافی کے استعمال میں بھی تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روانڈا کی اعلیٰ معیار کی کافی، مسابقتی قیمتوں کا تعین اور جغرافیائی قربت اسے قدرتی برتری فراہم کرتی ہے۔ جام کمال نے کہا کہ 250 ملین سے زائد آبادی کی مارکیٹ کے ساتھ پاکستان، وسطی ایشیا، مغربی چین اور پڑوسی خطوں میں روانڈا کی کافی کی برآمدات کے لیے مستقبل کے گیٹ وے کے طور پر بھی کام کر سکتا ہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان کی جاری ٹیرف ریشنلائزیشن پالیسی ٹیرف لائنوں کو بتدریج کم کرے گی، درآمدات کو مزید مسابقتی بنائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان روانڈا کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے اور باہمی فائدے، مشترکہ خوشحالی اور طویل المدتی شراکت داری کی بنیاد پر دوطرفہ تجارت کو متنوع بنانے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے روانڈا کوایوکاڈو، دالیں اور پھلیاں درآمد کرنے میں پاکستان کی جانب سے دلچسپی کا اظہار کیا

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
536-535 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ